Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۵۶ھ مطابق ۳ جولائی ۱۹۳۷ء جلد ۲۹

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت کپتان محمد احمد شہید صاحب ملٹری میڈیکل آفیسر	۲
۲	جرمانہ بہ منیجر اسٹیٹ پریس رامپور	"

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور			حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور		
۴	اضافہ اہلکاران اجلاس ہمایوں	۳	۳	منظوری رخصت رجسٹرار صاحب صدر	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم (مسوری) واقع ۲۹ جون ۱۹۳۶ء

عریضہ وضد اشت فارعالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر بدینخلاصہ کہ بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۵ دسمبر ۱۹۳۶ء۔ رخصت رعایتی ایک ماہ کپتان محمد احمد شہید صاحب ملٹری میڈیکل آفیسر کو استفادہ سے منظور فرمائی گئی تھی ڈاکٹر صاحب نے ہنوز رخصت سے استفادہ حاصل نہیں کیا اور اب ۳ جولائی ۱۹۳۶ء سے رخصت پر جانے کے متمنی ہیں لہذا حسب اتفاق رائے صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر رخصت رعایتی ایک ماہ۔ ۳ جولائی ۱۹۳۶ء سے مرحمت فرمائی جاوے

حکم

بموجب رپورٹ۔ کپتان محمد احمد شہید ملٹری میڈیکل افسر کی رخصت رعایتی ایک ماہ ۳ جولائی ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم (مسوری) واقع ۲۹ جون ۱۹۳۶ء

گزٹ میں اکثر غلطیاں ہوتی ہیں۔ منیجر اسٹیٹ پریس پر چار آنہ جرمانہ کیا جائے۔ کاغذات واپس ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض

جناب عالی

گزٹ مطبوعہ ۱۲ جون ۱۹۳۶ء میں صفحہ ۱۰۹ پر مکرر شامل تھے دربار کو پیشگاہ ہمایوں سے حکم صادر فرمایا گیا کہ اس غلطی کے متعلق پیش کیا جائے۔

منیجر مطبع کا جواب ہے کہ عجلت کار کیوجہ سے یہ غلطی ہوئی ہے۔ اس غلطی کی معافی کی منیجر مطبع نے درخواست کی ہے۔ اور آیندہ مزید احتیاط عمل میں لانے کا انہوں نے اقرار کیا ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقی خواہ عرض پرداز ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے بنظر شاہانہ معافی فرمائیجائے تو غلام نوازی سے زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

عرضی ترقی خواہ دستخط فارعالیمرتبت جناب چیف سکریٹری صاحب
محررہ ۲۰ جون ۱۹۳۶ء

عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر کو کشمیر جمہ بہ یکہ ویکس کیجئے ہیں مہر مطبوعہ حسب منشاء ہمایوں کار رعایتی فرمائیجائے یکم جولائی ۱۹۳۶ء دستخط فارعالیمرتبت سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ یکم جولائی ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۹ رجون سنہ ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ رجون سنہ ۱۹۳۷ء میں کاغذات اضافہ تنخواہ چار اہلکاران اجلاس رعایا مندرجہ ذیل بحساب پانچروپیہ فی کس از یکم مئی سنہ ۱۹۳۷ء پیش ہوکر واضح ہوا کہ بجٹ سال سنہ ۳۷-۱۹۳۶ء میں اضافہ کی رقم منظور ہوچکی ہے۔ صرف انتظامی منظوری باقی ہے

۱- منشی سید شہاب الدین احمد	حکم نویس اجلاس رعایا
۲- منشی کنہیا لال	ناظر اجلاس رعایا
۳- منشی اسرائیل خاں	اہلمد اجلاس رعایا
۴- منشی سید ارشاد علی	اہلمد اجلاس رعایا

لہذا طے پایا کہ:-

حسب تحریک صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر ملازمان مصرحہ بالا کی موجودہ تنخواہوں میں یکم مئی سنہ ۱۹۳۷ء سے پانچ پانچ روپے ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط خاص عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

رخصت

۱۰ جون ۱۹۳۶ء

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر مولوی اسد اللہ خانصاحب رجسٹرار محکمہ رجسٹری کی مزید رخصت رعایتی تین یوم از ۲۹ جون ۱۹۳۶ء تا یکم جولائی ۱۹۳۶ء بسلسلہ رخصت سابقہ ایک ماہ و انتظام سابقہ منظور ہے۔

استحقاق رخصت کی تصدیق صیغہ فائنانس سے ہو چکی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بغرض پیشی کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط خاص عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر